قبروں پر درخت لگانے کا حکم

الحمدللہ والصلوۃ والسلام علی رسول اللہ

الاستفتاء: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ کیا قبروں پر درخت لگانا جائز ہے اور قبر پر کیا لگایا جایا جو میت کے لیے تسبیح کرتا رہے ؟

سائل:شیلیم فرام انگلینڈ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بِعَونِ المَلِکِ الوَھاب اللھم ھدایۃَ الحَق والصواب

قبروں پر آنے والوں کے سایہ کے لیےدرخت لگاناجائز و مستحسن ہے لیکن اسے قبروں سے جدا جگہ پر لگایا جائے ۔

جیسا کہ اعلی حضرت امام اہلسنت امام احمد رضا خان علیہ رحمۃ الرحمن فتاوی رضویہ میں فرماتے ہیں" اور درخت اگر سایہ زائرین کے لیے ہو اچھا ہے، مگر قبرستان سے جُدا ہو"

(فتاوی رضویہ ج9 ص412)

میت کی قبر پر گھاس وغیرہ لگادی جائے جب تک تر رہے گی تسبیح کرتی رہے گی اسی وجہ سے قبرستان سے ترگھاس کاٹنا مکروہ ہے جیسا کہ ردالمحتار میں ہے :" قطع النبات الرطب والحشیش من المقبرۃ دون الیابس کما فی البحر والدرر وشرح المنیۃ وعللہ فی الامداد بانہ مادام رطباً یسبح اللہ تعالٰی فیونس المیّت وتنزل بذکرہ الرحمۃ ونحوہ فی الخانیۃ انتھی"

ردالمحتار کے جنائز میں ہے کہ ترگھاس کا مقبرے سے کاٹنا مکروہ ہے خشک گھاس کا نہیں، جیسا کہ بحر، درراور شرح منیہ میں ہے، اور امداد میں اس کی یہ وجہ بتائی گئی ہے کہ جب تک وہ تر رہتی ہے اللہکی تسبیح کرتی رہتی ہے جس سے میّت کو انس حاصل ہوتا ہے ، خانیہ میں بھی اسی طرح ہے انتہی،

(ردالمحتار باب صلٰوۃ الجنائز ادارۃ الطباعۃ المصریۃ مصر ۱/ ۶۰۶)

واللہ تعالی اعلم ورسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ ابو الحسن محمد قاسم ضیاء قادری

QUESTION: What do the scholars and muftis of the mighty Shari'ah say regarding the following matter, is it permissible to plant trees on graves, and what should be planted on graves so that it can recite tasbīh (glorification of Allāh) on behalf of the deceased?

Questioner: Shelim from UK

ANSWER:

بسم الله الرحمن الرحيم

الجواب بِعَونِ المَلِکِ الوَھاب اللھم ھدایۃَ الحَق والصواب

To plant a tree so that it may provide shade for those that visit the graves is permissible and praiseworthy, however it should placed in an area away from the graves. Just as 'Alā Hazrat Imām Ahmad Ridā Khān (may Allāh envelope him in mercy) states in Fatāwā Ridawiyyah,

"And if a tree is for providing shade for visitors then that is good, however, it should be placed away from the graveyard"

[Fatāwā Ridawiyyah, Volume 9, pg 412]

Grass etc. should be placed on the grave of the deceased, as long as it remains fresh it will continue to do tasbīh, it is for this reason that removing fresh grass from the graveyard is disliked (makrūh), it is mentioned in Radd al-Muhtār in the chapter of funerals,

"It is disliked to cut fresh grass from the graveyards, not dry grass, just as it is stated in al-Bahr, al-Durr, Sharh al-Munyah, and its reason is mentioned in Imdād; as long as it remains fresh it continues to do tasbīh of Allāh (Most High), due to which the deceased experiences ease, and something similar is mentioned in Khāniyah"

[Radd al-Muhtār, Bāb Salāt al-Janāiz, Volume 1, pg 606]

واللہ تعالی اعلم ورسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ ابو الحسن محمد قاسم ضیاء قادری

Answered by Mufti Qasim Zia al-Qādrī
Translated by Zameer Ahmad